TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 3 (3-پرستان کی شہزادی،نظم ۔میدان کربلا میں گرمی کی شدت،* غزل: فراق گور کھپوری۔* گرائمر: اہم عبارت کی تکمیل)

St. Name		Test	Urdu	T. Marks	50	Time	60 Min
F. Name		Class	10th	T. Code	U#3	T. Date	

حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اورDدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔8

-1	"پڑھی ہوئی کتاب " گرائمر میں ہے:							
(A)	فاعل	(B)	لقب	(C)	اسم صفت	(D)	اسم مفعول	
-2	سیدانی بی کو کھانے میں مرغوب تھا:							
(A)	زردہ	(B)	فیرنی	(C)	بونٹ پلاؤ	(D)	بریانی	
-3	سبق پرستان کی شہزادی کس ادیب کی تحریر ہے؟							
(A)	شفیع عقیل	(B)	ہاجرہ مسرور	(C)	حکیم محمد سعید	(D)	اشرف صبوحی	
-4	فراق گور کھپوری کا اصل نام ----تھا؟							
(A)	راج سنگھ سہائے	(B)	بھگوان داس	(C)	رگھوپتی سہائے	(D)	ترسمباراؤ	
-5	سیدانی بی کو پرستان لے جانے والے جن کا نام تھا؟							
(A)	بکر مجھ	(B)	بکر شیر	(C)	بکر گدھا	(D)	بکر بیل	
-6	پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے:							
(A)	بالشت بھر	(B)	مٹھی بھر	(C)	گز بھر	(D)	چھ فٹ	
-7	"اونچی دیوار" قواعد کی رُو سے ہے:							
(A)	اسم معاوضہ	(B)	اسم جامد	(C)	اسم صفت	(D)	اسم مفعول	
-8	نظم " میدان کربلا میں گرمی کی شدت" صنف سخن کے لحاظ سے کیا ہے:							
(A)	آزاد نظم	(B)	قصیدہ	(C)	شہر آشوب	(D)	مرثیہ	

حصّہ انشائیہ

سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ **4**

حصہ نظم : دوعالم کا امداد گار آگیا ہے امین آگیا غم کسار آگیا ہے

حصہ غزل: یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانہ عشق مگر اے دوست کچھ ایسوں کا ٹھکانا بھی نہیں

سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھے۔ **05**

دل میں خوش اور ظاہر میں بسورتی ہوئی سب سے رخصت ہوئی۔ وہی پری زاد مجھے پالکی سے اتار کر لائی تھی ساتھ لے کر چلی۔ پھاٹک کے باہر پالکی موجود تھی اور مردوں کی سی وضع کا آدمی پاس کھڑا تھا۔ میں پالکی میں بیٹھتی اور دم کے دم میں پالکی ہوا سے باتیں کرنے لگی۔

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) سیدانی بی نے گزرا وقات کے لیے کونسا پیشہ اختیار کیا؟
2) شاعر فراق گھور کھپوری نے سراور دل میں کس چیز کی کمی کا ذکر کیا ہے؟
3) میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر سب سے زیادہ خوش تھے؟
4) پرستان کے بادشاہ نے سیدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟
5) میرانیس کی کونسی نظم شامل نصاب ہے؟
6) تشبیہہ سے کیا مرا دہے؟

سوالنمبر5: سبق" پرستان کی شہزادی " کا خلاصہ لکھئے۔ **05**

سوالنمبر6: "چائے کی دعوت " کا مضمون لکھیے۔ **10**

سوالنمبر7: درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

قائداعظم ہمیشہ سے ایماندار، باہمت، نڈر اور مستقل مزاج انسان تھے۔ ان کا دامن لالچ اور ہوس سے پاک تھا۔ وہ کسی جج یا ساتھی وکیل سے بھی اپنی شان کے خلاف کوئی لفظ سننا پسند نہیں کرتے تھے۔ نامساعد حالات میں گھبراتے نہیں تھے اور نہ کبھی دغا اور فریب سے کام لیتے تھے۔ ان کی سیاست صاف ستھری اور پاکیزہ تھی۔ وہ سیاسی مقاصد حاصل کرنے لیے توڑ پھوڑ اور خلاف قانون اقدامات کے مخالف تھے۔ جس بات کو حق سمجھتے، اس بارے میں سے کسی سے سمجھوتا نہیں کرتے اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیتے تھے۔ خوش پوشی کا انہیں بے حد شوق اور سلیقہ تھا جو آخر تک قائم رہا۔ ہندوستان کے کتنے ہی وائسرایوں نے ان کی خوش پوش کی تعریف کی ۔ ان کی زندگی کے آخری چند سالوں میں ان کی شہرت بام عروج پت پہنچ گئی تھی۔ پاکستان کا قیام ان کا عظیم کارنامہ ہے۔

سوالات کے جوابات دیں۔

1) قائداعظم کیسے انسان تھے؟
2) قائداعظم کا سیاسی رویہ کس قسم کا تھا؟
3) قائداعظم کا عظیم کارنامہ کونسا تھا؟
4) ہندوستان کے وائسرایوں نے قائداعظم کے کس وصف کی تعریف کی ہے؟
5) اس عبارت کا موزوں عنوان لکھئے۔